# Our MULTILINGUAL VOICES

موسم بہار 2021 | www.houstonisd.com/voices | ایڈیشن | شمارہ 3

## دانائی کا قطرہ



**جیووانی جے پونس**

تمام والدین قابل قدر طریقوں سے، خاص طور پر حالیہ وقتوں میں اپنے بچوں کی تعلیم میں تعاون کر سکتے ہیں۔ جیسا کہ طلباء دوسری زبان و تدریس میں مہارت حاصل کرنے پر کام کر رہے ہیں تو اس لیے والدین کی وابستگی اور معاونت نہایت اہمیت کی حامل ہے۔ والدین انگریزی زبان میں مہارت حاصل کرنے اور گھر پر تعلیمی قابلیت بڑھانے میں طالب علم کو معاونت فراہم کر کے اپنے بچوں کی تعلیمی لحاظ سے مدد کر سکتے ہیں۔ اپنے بچے کو صرف ایک نہیں، بلکہ متعدد زبانوں میں تعلیمی لحاظ سے کامیاب ہونے میں مدد دینے کے لیے مندرجہ ذیل حکمت عملیوں کا استعمال کریں:

- گھر پر انگریزی زبان اور تعلیمی مواد کی تیاری اور مشق کرنے کے ساتھ ساتھ اپنے بچے کی بنیادی زبان میں بھی تدریسی مہارتوں کو پروان چڑھانا جاری رکھیں۔
- گھر پر انگریزی یا اپنی مقامی زبان دونوں میں کہانیاں سنانے اور لکھنے کے ضمن میں اپنے بچے کی حوصلہ افزائی کریں۔ نئی زبان کی معنوت سمجھنے اور بامعنی مشق کرنے میں اپنے بچے کی مدد کرنے کی غرض سے ان سے متعدد حالات کے متعلق سوالات پوچھنے کے لیے مواقع تخلیق کریں۔
- پڑھائی کا ایسا معمول بنائیں کہ جس پر آپ اور آپ کا بچہ دونوں عمل کر سکیں۔ یہ زبان اور مواد کی مشق پر صرف کیے جانے والے وقت پر گہرا اثر مرتب کرے گا۔
- اپنے بچے کے ساتھ اکثر مطالعہ کریں۔ انہیں متعدد اقسام کے مطالعاتی مواد بشمول آن لائن اور آڈیو کتابوں کے ساتھ وابستہ ہونے کا مواقع فراہم کریں۔
- اپنے بچے کے اسکول کے ساتھ رابطے میں رہیں۔ اپنے بچے کے استاد کے ساتھ تسلسل سے گفتگو کریں۔ اگر آپ کے بچے کی تعلیم میں آپ کے بچے یا اہل خانہ کو مسائل کا سامنا ہے، تو کیمپس بچے کی تعلیمی کامیابی کو یقینی بنانے کے لیے آپ کو یا آپ کے بچے کو موزوں ذرائع کے ساتھ مربوط کر سکتا ہے۔

والدین، اساتذہ، اور اسکولز مل کر، طلباء کو اپنی مکمل قابلیت کا ادراک پانے میں مدد دے سکتے ہیں۔

**جیووانی جے پونس (Geovanny J. Ponce)**
**ایریا سپرنٹنڈنٹ**
**برائے مشرقی ایریا کے اسکولز**

## والدین کے لئے پیغام ---

# بینجمن (Benjamin) کی کامیابی کا سفر

**بینجمن ایستفانو ڈیاز ویا (Benjamin Estefano Diaz Villa) صرف 7 سال کا تھا جب اس کے والدین، دونوں اعزاز کے ساتھ ڈگری یافتہ انجینیئرز، نے مذہب کی بنیاد پر بہتر زندگی کی تلاش میں امریکہ میں اپنی نئی زندگی کا آغاز کیا۔ خاندان کے سفر کا آغاز تب ہوا جب انہوں نے اپنا آبائی وطن میڈیلن، کولمبیا 2006 میں چھوڑا۔ ڈیاز ان مشکلات کو یاد کرتا ہے جن کا سامنا اس نے اسکول میں ہسپانوی زبان بولنے والے کے طور پر کیا تھا:**

میرے لیے مشکل ترین کام کسی بھی ایسی چیز کو سمجھنا ہوتا تھا جو سائنس یا ریاضی سے متعلق نہ ہو۔ اپنی ادب اور تاریخ کی کلاسز میں، اپنی محدود انگریزی کی وجہ سے میں اچھی کارکردگی کا مظاہرہ تسلسل سے کرنے میں مشکلات کا سامنا کرتا تھا۔ اس کے علاوہ سب کچھ میرے لیے اچھا تھا۔

**9 سالہ فرد کے طور پر، پڑھنے سے متعلق، آپ کا "خود اپنے لیے نوٹ" کیا ہو گا؟**

میں خود کو نظم و ضبط اور ذاتی عزم پر توجہ مبذول کرنے کا کہوں گا، یہ خصوصیات آپ کی کارکردگی میں معاونت کریں گی اور ضرورت کے مضامین کو بہتر طور پر تیار کروائیں گی – یہ خوبیاں کامیاب ہونے میں آپ کی مدد کریں گی! میں مضامین سے متعلقہ مزید تعلیمی فیلڈز جیسا کہ ادب، مطالعہ، اور تحریر میں مہارت حاصل کرنے کی غرض سے اپنی تکنیکی ذہنی صلاحیت کا استعمال کرنے کے لیے خود کو یاددہانی کرواؤں گا۔ ظاہر ہے، میں نے اپنے نان انجینیئرنگ کورسز میں نہایت اچھی کارکردگی کا مظاہرہ کرنے میں اسی طرح سے کامیابی حاصل کی ہے۔

**HISD اساتذہ کے لیے بینجمن کا پیغام یہ ہے کہ:**

میرے جیسے، مہاجر طلبا، آپ کے کلاس رومز کے، وہ طلبا ہیں، جو ریاضی، منطق، اور سائنس کی عالمی زبانوں میں مہارت رکھتے ہیں۔ جب انہیں پڑھنا اور لکھنا سکھا رہے ہوں، تو لکھنے کے اصولوں میں یکسانیتوں کا موازنہ ریاضی یا سائنس، یعنی ایسے "فارمولاز" سے کریں جنہیں توڑا نہیں جا سکتا۔ اگر انہیں اسکرپٹس اور اقتباسات یاد کرنے اور انہیں حفظ کرنے کا کہا جائے تو اس طرح سے بھی وہ بہترین کام کر سکتے ہیں۔ انہیں سیکھنے کے پیرامیٹرز فراہم کر کے، ایسا ہو گا کہ پھر وقت کے ساتھ طلبا یہ سوال پوچھنا شروع کر دیں گے کہ یہ صورتحال کیوں ہے۔ یہ وہ وقت ہو گا کہ جب ان کی منطقی مہارتوں کی تربیت کی جا سکے گی اور منطقی مضامین کو تحریر کرنا سکھایا جا سکے گا۔

**ہمیں ہیوسٹن یونیورسٹی میں اپنی کامیابی کے متعلق بتائیں اور یہ کہ آپ اپنی کامیابی کا سہرا کس کے سر باندھیں گے؟**

میری کامیابی کی وجہ خدا، اہل خانہ، چرچ کمیونٹی، اچھے اساتذہ، اچھے اسکولز، اور UH میں بہترین تعلیمی پروگرام کو قرار دیا جا سکتا ہے۔ خدا نے مجھے ایسے والدین عطا کیے کہ جنہوں نے تعلیم اور اپنی بہترین کوشش کرنے کی اہمیت کو میرے اندر راسخ کیا۔ خدا کی رہنمائی کی وجہ سے میں تعلیمی لحاظ سے کامیاب ہوا ہوں اور اس کی کرم نوازیوں کے باعث مجھے تعلیمی وظیفے سے نوازا گیا ہے۔ آخر میں، منسٹری میں فعال رہنے اور اپنے چرچ کی خدمت انجام دینے کے عمل نے مجھے کالج کے طالب علم کے طور پر بہترین کارکردگی کا مظاہرہ کرنے کے قابل بنایا۔ شاید یہ بات عجیب لگے، لیکن یہی حقیقت ہے۔ کوئی شخص یہ سوچ سکتا ہے کہ اچھا طالب علم بننے کے لیے آپ کو صرف پڑھنا ہوتا ہے اور صرف کیے جانے



**بینجمن ایستفانو ڈیاز ویا کو ہیوسٹن یونیورسٹی کے سال 2020-2021 کا بہترین سینیئر منتخب کیا گیا۔**

والے کام پر توجہ مرکوز کرنی ہوتی ہے۔ یہ صرف 25% سچ ہے۔ باقی اس چیز پر منحصر ہوتا ہے کہ ایک شخص کتنا اچھا انسان ہو سکتا ہے۔ روحانیت کے تناظر میں ایک مذہبی شخص ہونے کے ناطے، جذباتی منطق، اور جسمانی بہبود ایسے شخص کی کامیابی میں اہم کردار ادا کرتی ہے۔

**آپ یہ کیسے کہہ سکتے ہیں کہ آپ کی کامیابی میں آپ کے والدین نے کردار ادا کیا ہے؟**

اپنی کامیابی میں اپنے والدین کے کردار کو میں مختصراً یہ کہہ کر بیان کروں گا کہ:

وہ دونوں انجینیئرز ہیں جنہوں نے بعد میں مکتب جانے کا فیصلہ کیا اور تبلیغ کرنے اور خدا کی بشارتوں کو پھیلانے کا کام کرنے کے لیے منسٹری میں اپنی ماسٹرز اور ڈاکٹریٹ کی ڈگریز حاصل کیں۔ ان کی انجینیئرنگ اور منسٹری سے متعلقہ دونوں اطوار زندگی نے مجھے سکھایا کہ میرے اور میرے اردگرد موجود افراد کے لیے تعلیم اور پیشہ ورانہ کیریئر کی اہمیت نیز خدا کے راستے پر چلنے کو ہمیشہ تیار رہنے کی اہمیت کیا ہے۔ میرے والدین اپنے انجینیئرنگ کیریئرز کو جاری رکھنے اور ایک مالی طور پر پُرتعیش زندگی کے حصول کا انتخاب کر سکتے تھے، لیکن اس کی بجائے انہوں نے اس راستے پر چلنے کا فیصلہ کیا جو خدا نے ان کے لیے چنا تھا۔ اور یہ وہ ایمان ہے جو میں چاہوں گا کہ زندگی کے فیصلہ کن مرحلوں پر مجھے حاصل ہو۔

بینجمن نے رائس اسکول مڈل اسکول میں تعلیم حاصل کرنے سے قبل جین ہائنز کلاڈ ویل ایلیمینٹری اور بروکلین ایلیمینٹری میں تعلیم حاصل کی تھی۔ بالآخر ڈی بیکی ہائی اسکول برائے صحت کے پیشہ ورانہ شعبہ جات سے گریجوایشن کی۔

(پچھلے صفحے پر جاری ہے)

## والدین کے لئے پیغام ...

(اگلے صفحے سے جاری ہے)

بینجمن کی تعلیمی کامیابیوں میں مندرجہ ذیل شامل ہیں:

- **2018 کالج کا اعزازی سال اول کے بہترین طالب علم کا ایوارڈ**
- **2020-21 بہترین سینیئر – ہیوسٹن یونیورسٹی، کلّن کالج برائے انجینیئرنگ،**
- **2019-20 بہترین سینیئر – ہیوسٹن یونیورسٹی، کلّن کالج برائے انجینیئرنگ،**

ان متعدد تعلیمی ایوارڈز میں، ڈیاز ویا نے ایک اور اہم کامیابی بھی حاصل کی – امریکہ کا قانونی شہری بننے میں کامیابی۔ اس نوجوان کے لیے کوئی منزل دور نہیں، اس کی امیدوں میں ایرو اسپیس انجینیئرنگ میں ڈاکٹریٹ کرنا شامل ہے۔

بینجمن کے کامیاب، تعلیمی سفر کے بارے میں مزید پڑھنے کے لیے، مندرجہ ذیل لنک پر کلک کریں:
***https://www.egr.uh.edu/news/202101/diaz-villa-honored-year%E2%80%99s-outstanding-senior***

### بینجمن کے/کی والد/والدہ کی جانب سے حوصلہ افزا الفاظ

**انگریزی زبان سیکھنے والوں کے والدین کے ساتھ وہ سب سے زیادہ اہم بات کیا ہے جو آپ شیئر کر سکیں؟**

اپنے بچوں سے پیار کریں اور مستقبل کا خواب دیکھنے میں ان کی مدد کریں۔ انہیں بارہا یہ یقین دلائیں کہ وہ کبھی تنہا نہیں ہوں گے، خواہ وہ کہیں بھی ہوں، خواہ اسکول، کالج، چرچ، گروسری اسٹور، یا اپنی جائے کار پر ہوں، خدا ان کے ساتھ ہو گا۔ اپنے بچوں کی کامیابی میں معاونت اور حوصلہ افزائی کریں اور ان کے سب سے بڑے حمایتی بنیں۔

**جب بینجمن انگریزی زبان سیکھنے میں مشکلات کا شکار تھا تو آپ نے اس کی حوصلہ افزائی کیسے کی تھی؟**

بینجمن کے والدین انگریزی زبان میں کوئی کہانی پڑھا کرتے تھے اور پھر اسی کہانی کو دوبارہ ہسپانوی زبان میں بیان کرتے تھے۔ ایسا کرنا اسے کہانی کو ذہن نشین کرنے کے قابل بناتا تھا اور تعلیمی الفاظ کے چناؤ پر توجہ مرکوز کرنے کے لیے مزید وقت فراہم کرتا تھا۔

**آپ ان والدین کو کیا مشورہ دیں گے جو انگریزی زبان نہیں بولتے، لیکن سیکھنے کے معاملے میں جتنا ہو سکے اپنے بچوں کی حوصلہ افزائی کرنا چاہتے ہیں؟**

ہم والدین کو یہ مشورہ دینا چاہیں گے کہ وہ اپنی گھریلو زبان بچوں کو سکھانے کے لیے وقت لیں۔ مثال قائم کریں، پڑھنے، لکھنے، اور تصویر کشی کے لیے وقت لیں اور اس کے علاوہ طے کریں کہ تربیتی T.V پروگرامز کب دیکھنے ہیں، تاکہ مل کر آپ انہیں سمجھنا سیکھ سکیں۔ ہر لحاظ سے، اپنے بچوں کو تسلسل کے ساتھ یہ یاد دہانی کروائیں کہ آپ ان سے پیار کرتے ہیں اور یہ کہ زندگی کے منصوبے ان کے منتظر ہیں۔

15 اپریل 2021 کو دوبارہ حاصل کردہ، منجانب
***https://www.egr.uh.edu/news/202101/diaz-villa-honored-year%E2%80%99s-outstanding-senior*** ■

## موسم گرما کا پروگرام

HISD SUMMER SPARK
IGNITING ACADEMIC EXCELLENCE

2021 موسم گرما کا پروگرام PK-12 گریڈز کے طلبا کے لیے ہے جو کہ اسکول کے آخری دن کسی HISD اسکول میں داخل ہوں گے اور انہیں پروموشن کے معیارات پر پورا اترنے کی ضرورت ہو گی۔ موسم گرما کے ان پروگرامز کو ضلعی سطح پر ہم آہنگ کیا جاتا ہے، کیمپس کی سطح پر منصوبہ بندی کی جاتی ہے، اور طلباء کی انفرادی ضروریات پر پورا اترنے کے لیے حسب ضرورت بنایا جاتا ہے۔ موسم گرما کے پروگرامز کے ذریعے فراہم کیا جانے والا توسیع شدہ وقت اسکول کے آخری سال میں متوقع نتائج حاصل کرنے کے لیے طلبا کو کڑی اور متعلقہ فوری ہدایت اور مدد پر مشتمل اضافی مواقع فراہم کرتا ہے۔ HISD کا مقصد یہ ہے کہ موسم گرما کے موثر پروگرامز کے ذریعے، وہ تمام طلبا جنہیں اس توسیع شدہ وقت کی ضرورت ہے وہ پروموشن کے معیارات پر پورا اتریں، اگلے گریڈ لیول میں کامیابی کے لیے تیار ہوں، اور اپنے ہم عمروں کے ساتھ گریجوایٹ ہونے کے سفر پر گامزن رہیں۔ اندراج کیسے کرائیں اس بارے میں مزید تفصیلات کے لیے مندرجہ ذیل لنک پر کلک کریں:

***https://www.houstonisd.org/Page/187497.***

**اسکول کے توسیع شدہ سال (ESY) کی سروسز کے لیے بچے کی سروس کی لوکیشن کے متعلق اگر آپ کے سوالات ہوں، تو براہ کرم اپنے علاقے کے سینیئر مینیجر یا خصوصی تعلیمی سروسز سے رابطہ کریں۔** ■

## Tx میں انگریزی سیکھنے والوں کی معاونت

**ہیوسٹن ISD معاونتیں**

والد/والدہ کا کورس:
***https://bit.ly/3thXK9M***
HISD کے ساتھ گھر پر سیکھنے کے متعلق معلومات

لسانی سہولیات کی فہرست:
***https://www.houstonisd.org/Page/184314***
**والدین کے وسائل**

ٹیکساس تعلیمی ایجنسی کی معاونتیں:
***http://bit.ly/3t69k8k*** ■

## برنیٹ ES اسپاٹ لائٹ



**اہل خانہ برنیٹ ایلیمینٹری اسکول میں سائنس نائٹ سے لطف اندوز ہو رہے ہیں۔**

ڈیوڈ جی برنیٹ ایلیمینٹری مشرقی طرف واقع ہے اور 50/50 دو طرفہ انضمامی ترتیب میں مشرقی حصے کے طلبا کے لیے دو زبانوں کے وین گارڈ پروگرام کی پیشکش کرنے والا واحد کیمپس ہے۔ 1926 میں اپنے قیام کے بعد سے، برنیٹ ایلیمینٹری نے اپنے تمام طلبا کو ہر ممکن بہترین تعلیم فراہم کرنے کے لیے مسلسل کوشش کی ہے۔ آج، برنیٹ ایلیمینٹری کے دو زبانوں کے پروگرام میں 500 سے زائد طلبا شریک ہیں اور اس کا مشن متعلقہ مسائل کے حل کی مہارتوں کے ذریعے کڑے تعلیمی پروگرام کی فراہمی کے ساتھ مثبت اور فروغ پذیر تعلقات کو تخلیق کرنا ہے۔

برنیٹ ایلیمینٹری اسکول کی پرنسپل، مس اینا کینٹو (Ana Cantu) کی قیادت میں، گھر اور اسکول کے درمیان والد/والدہ/کمیونٹی کا ایک مضبوط رشتہ استوار کیا جا چکا ہے۔ اپنے بچوں کی تعلیم میں فاصلاتی طور پر شریک ہونے کی بجائے پارٹنرز بن کر شریک ہونے کے ضمن میں والدین کی حوصلہ افزائی کی جاتی ہے۔ والدین بچے کی کامیابی کی کنجیوں میں سے ایک ہیں اور انہیں اکثر اسکول میں طالب علم کے متعدد ایونٹس میں شرکت کرتے ہوئے، پرنسپل کے ساتھ کافی پیتے ہوئے یا گھر پر طالب علم کے سیکھنے میں معاونت کے لیے والد/والدہ کی پیشہ ورانہ تربیت کی کلاسز میں دیکھا جا سکتا ہے۔ پرنسپل کو قطعی یقین ہے کہ والدین پارٹنرز ہوتے ہیں اور یہ کہ ان کی شرکت طلبا کے سیکھنے کے عمل میں اضافہ کرے گی۔

طلبا برنیٹ ایلیمینٹری میں جانا پسند کرتے ہیں اور حاضری کی 97% شرح سیکھنے کے لیے ان کے جوش و جذبے کا اظہار کرتی ہے۔ حاضری برقرار رکھنے اور سیکھنے میں فعال طور پر شریک ہونے کے ضمن میں طلبا کی ہمیشہ حوصلہ افزائی کی جاتی ہے۔ برنیٹ ایلیمینٹری اسکولز کے ہالز میں چہل قدمی کرتے ہوئے، آپ طلبا کو کثیر تعدد والے الفاظ دہراتے ہوئے، نمبرز گنتے ہوئے، متعدد موضوعات پر گفتگو کرتے ہوئے، باآواز بلند پڑھتے ہوئے اور مختلف مندرجاتی موضوعات پر پراجیکٹس مکمل کرتا ہوا سن سکتے ہیں۔

اگر آپ برنیٹ ایلیمینٹری یا ان کے تعلیمی پروگرامز کے بارے میں مزید جاننا چاہیں تو براہ کرم مندرجہ ذیل ایڈریسز پر ان کی ویب سائٹ، twitter، یا Facebook اکاؤنٹ ملاحظہ کریں۔

***https://www.facebook.com/davidg.burnet.37/*** | ***https://twitter.com/BurnetES***

***https://www.houstonisd.org/burnetes*** | ای میل: ***BurnetES@houstonisd.org***

پرنسپل: اینا کینٹو، ای میل: ***ACANTU5@houstonisd.org*** ■

## ARP ایکٹ ESSER III فنڈز

### فنڈز کو کیسے بہترین طور پر بروئے کار لایا جا سکتا ہے اس بارے میں اپنے تاثرات شیئر کریں

ESSER III فنڈز کیسے خرچ کیے جائیں اس بارے میں HISD ان بچوں کے والدین سے اضافی معلومات اکٹھی کر رہا ہے جو انگریزی زبان سیکھ رہے ہیں، بے گھر ہیں، اور/یا معذوری کا شکار طلباء ہیں۔ سروے کو دو حصوں میں تقسیم کیا گیا ہے۔ سیکشن (1) ESSER III – فنڈز/سرگرمیوں کا قابل اجازت استعمال، جو کہ اس بارے میں والدین کی رائے طلب کرتا ہے کہ فنڈز کو بہترین طور پر بروئے کار کیسے لایا جائے؛ اور سیکشن (2) بالمشافہ سیکھنے کے لیے محفوظ واپسی جو کہ طالب علم کی بالمشافہ سیکھنے پر محفوظ واپسی کے لیے ہدف کردہ سرگرمیوں کے اوقات کے متعلق والدین کی رائے طلب کرتا ہے۔ اگر آپ پہلے ہی یہ سروے مکمل کر چکے ہیں تو براہ کرم نظر انداز کر دیں۔ ***https://bit.ly/3oZ8fO6*** ■

## 2021 مہاجر وظیفہ



YMCA بین الاقوامی سروسز اعلیٰ تعلیم حاصل کرنے والے ان کُل وقتی طلبا کو مالی معاونت فراہم کرتی ہیں جو:

**مہاجرین ہوں | مصدقہ پناہ گزین ہوں**
**خصوصی امیگریشن ویزا رکھنے والے ہوں**
**انسانی ٹریفکنگ کے متاثرین ہوں۔**

دلچسپی رکھنے والے تمام طلباء کو ان کے تعلیمی اور ذاتی پس منظر کو تفصیل سے بیان کرنے والی ایک درخواست مکمل کرنا درکار ہوتا ہے۔ وظیفے کے لیے زیر غور لائے جانے کے لیے طلبا کو دو مضامین جمع کروانے کا کہا جاتا ہے۔ کامیاب افراد کا تعین ان کی ضرورت اور کامیابی کے اعتبار سے کیا جائے گا۔

**درخواستیں 1 اپریل – 18 جون تک قبول کی جائیں گی**

درخواست ڈاؤن لوڈ کریں: ***Shorturl.at/alyPS*** | فلائر سے لنک: ***https://bit.ly/2R3JI2F*** ■